## سوال

(24) سیدنا کا مطلب اور استعمال

## جواب

*السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ*

سیدنا کا کیا مطلب ہے ،اور کیا یہ اہل بیت اور صحابہ کرام کیلئے یکساں استعمال کیا جاسکتا ہے ۔

ذرا جلدی جواب دیں اللہ آپ کو اجر دے ۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

*وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!*

*الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!*

قرآن و حدیث اور لغت عرب میں سید، ایک اعزازی لفظ ہے ، جو سردار کے معنی میں استعمال ہوتا ہے ۔ اور سیدنا کا معنی ہے ہمارے سردار جیسے ہماری عام بول چال میں جناب، Sir، ہندی میں شری وغیرہ ۔ چنانچہ قرآن کریم اور حدیث پاک اور لغت عرب، قدیم و جدید میں ، یہ لفظ جس طرح اللہ کے نیک بندوں کے لیے استعمال ہوتا ہے اور ہوا ہے ۔ اسی طرح غیر مسلم زعماء کے لیے بھی استعمال ہوا ہے اور ہوتا ہے ۔ ظاہر ہے لفظ سرداری جس طرح مال و دولت و عہدہ دنیا کی خبر دیتا ہے اسی طرح روحانی ، ایمانی و اخروی سرداری پر بھی دلالت کرتا ہے ۔ قرآن کریم میں ہے کہ قیامت کے دن مجرم و منکر عوام، اللہ تعالی کے حضور بطور شکوہ و معذرت کہیں گے

’’وَقَالُوا رَبَّنَا إِنَّا أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاءَنَا فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَا o رَبَّنَا آتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيرًا‘‘

اور وہ کہیں گے : اے ہمارے رب !یشک ہم نے اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کا کہا مانا تھا تو انہوں نے ہمیں (سیدھی) راہ سے بہکا دیا ہے اے ہمارے رب !انہیں دوگنا عذاب دے اور اُن پر بہت بڑی لعنت کرے

## سید کا معنی

*السید الذی فاق غیرہ بالعقل والمال والدفع والنفع، المعطی لہ فی حقوقہ، المعین بنفسہ، السیادۃ الشرف، السید الرئیس الذی لا یغلبہ غضبہ العابد الورع الحلیم سمی سیدا لانہ یسود سواد الناس السید الکریم السید الملک السید السخی سادہ*

(سید مرتضی حسین زبیدی مصری ،تاج العروس، شرح القاموس، 3842

سید وہ ہے، جو دوسروں پر عقل ومال کے حساب سے، تکلیف دور کرنے اور فائدہ پہنچانے کے لحاظ سے فائق ہو، دوسروں کو حقوق دینے والا ہو۔ اپنی ذات سے مدد کرے سیادت کا معنی ہے بزرگی، سید، رئیس۔ سید وہ جس پر غصہ غالب نہ ہو۔ عبادت گزار، پرہیزگار، برداشت کرنے والا۔ اس کو سید اس لیے کہا جاتا ہے کہ لوگوں کی جماعت میں فائق ہوتا ہے۔ سید کریم، سید بادشاہ، سید سخی، اس کی جمع سادۃ ہے۔

السیدالرب، المالک، الفاضل، الکریم، الحلیم محتمل اذی قومہ، الزوج، الرئیس، المقدم(

علامہ ابن منظور، لسان العرب، 6: 422، طبع بیروت

سید کا مطلب ہے پالنے والا، مالک، صاحب شرف، صاحب فضیلت، کریم، بردبار قوم کی تکلیف برداشت کرنے والا، خاوند، رئیس سب سے آگے رہنے والا۔

قرآن سنت یا لغت عرب میں سید قوم کہیں بھی ثابت نہیں۔ بلکہ محض تعظیم و تکریم کے طور پر لفظ استعمال ہوتا ہے۔ لہذا تعظیما صحابہ اور اہل بیت (اہل بیت سے آج کے شیعہ مراد نہیں ہیں۔ بلکہ خانوادہ نبوت مراد ہے) کے لئے یکساں طور پر اسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس کو اہل بیت کے ساتھ خاص کرنے کی کوئی دلیل نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ علمائے حدیث

### کتاب الصلاۃ جلد 1